نذرانۂ عقیدت بحضورِ سرورِ کائنات ﷺ

# گلستانِ دُرود شریف



Marfat.com

Marfat.com

برائے ایصالِ ثواب

قبلہ دادا جی پیر حبیب اللہ گوہر سلطانؒ

طالبِ دُعا:

صاحبزادہ پیر علی گوہر جینڈ ڑ شریف گجرات

Marfat.com

102313

Marfat.com

نذرانہ عقیدت بحضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

# گلستانِ درود شریف

Marfat.com

# ترتیب


| نمبر شمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | حرفِ آغاز | ۱ |
| | برکاتِ درود وسلام | ۳ |
| | اوقاتِ درود وسلام | ۴ |
| ۱ | درودِ ابراہیمی | ۷ |
| ۲ | درودِ خضری | ۹ |
| ۳ | درودِ ہزارہ | ۱۰ |
| ۴ | درودِ نعمتِ عظمیٰ | ۱۱ |
| ۵ تا ۱۱ | سات خاص الخاص جنتی درود | ۱۲ |
| ۱۲ | درودِ غوثیہ | ۲۰ |
| ۱۳ | درودِ شاذلی | ۲۱ |
| ۱۴ | درودِ قلبی | ۲۲ |
| ۱۵ | درودِ شفائے قلوب | ۲۳ |
| ۱۶ | درودِ حُبِّ رسول | ۲۵ |
| ۱۷ | درودِ امامِ شافعی | ۲۶ |
| ۱۸ | درودِ قرآنی | ۲۷ |
| ۱۹ | درودِ انعام واولاد | ۲۹ |
| ۲۰ | درودِ محمدی | ۳۰ |
| ۲۱ | درودِ خاص | ۳۲ |
| ۲۲ | درودِ مستجاب الدعوات | ۳۳ |
| ۲۳ | درودِ سعادت | ۳۴ |
| ۲۴ | درودِ دعا و دوا | ۳۵ |
| ۲۵ | درودِ الطاہر | ۳۶ |
| ۲۶ | درودِ عالی قدر | ۳۷ |
| ۲۷ | درودِ اوّل | ۳۸ |
| ۲۸ | درودِ ناریہ | ۴۰ |
| ۲۹ | درودِ دیدار | ۴۲ |
| ۳۰ | درودِ حبیب | ۴۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۱ | درودِ اوّل و آخر | ۴۴ |
| ۳۲ | درودِ نور | ۴۵ |
| ۳۳ | درودِ واحد | ۴۶ |
| ۳۴ | درودِ مقامِ محمود | ۴۸ |
| ۳۵ تا ۳۷ | زیارتُ النبیؐ کے آسان طریقے | ۵۰ |
| ۳۸ | ایک مکمل درود شریف | ۵۳ |
| ۳۹ | درود النبیؐ | ۵۷ |
| ۴۰ | درودِ روحی یا درودِ قبور | ۵۸ |
| ۴۱ | درودِ رحمت یا درودِ ماہی | ۶۲ |
| ۴۲ | درودِ چودہ ہزاری | ۶۵ |
| ۴۳ | درودِ موسوی | ۶۶ |
| ۴۴ | درودِ تنجینا | ۶۸ |
| ۴۵ | درودِ علی المرتضیٰؓ | ۷۱ |
| ۴۶ | درودِ خمسہ | ۷۲ |
| ۴۷ | درود العابدین | ۷۴ |
| ۴۸ | درودِ بخشش | ۷۶ |
| ۴۹ | درودِ علوم واسرار | ۷۸ |
| ۵۰ | قولِ نبہانی | ۷۹ |
| ۵۱ | درودِ کشف | ۸۰ |
| ۵۲ | صدقہ کا نعم البدل درود | ۸۱ |
| ۵۳ | درودِ نجات | ۸۲ |
| ۵۴ | درودِ حصولِ رحمت | ۸۳ |
| ۵۵ | درودِ لکھی | ۸۴ |
| ۵۶ | درودِ تاج | ۹۱ |
| | اختتامی کلماتِ خیر | ۹۶ |


Marfat.com

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ ﷺ

جس دل میں محمدؐ کی محبت نہیں ہوتی
اس پر کبھی اللہ کی رحمت نہیں ہوتی
میرا یہ عقیدہ ہے اگر ذکرِ خدا میں
یہ نام نہ شامل ہو عبادت نہیں ہوتی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

اَللّٰہ تبارک وتعالیٰ جلّ شانہٗ نے اپنے محبوب اور ہمارے آقا ومولا حضرت مُحَمَّد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شان اور مرتبے کو اپنی تمام مخلُوق کی شان اور مرتبے سے بے حد وحساب بلند فرمایا۔

قرآن مجید کی سُورہ اَلَمْ نَشْرَحْ میں وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ط (اور ہم نے آپ کے لیے آپ کا ذکر بلند کر دیا) ارشاد فرماکر آں حضور نبیِّ اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رفعتِ شان کو لامحدُود قرار دیا۔

باری تعالیٰ کا سُورہ الانبیآء میں یہ ارشاد :

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○

(اور ہم نے آپؐ کو نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے)

آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے محسنِ انسانیت ہونے کا بیّن ثبوت ہے۔



Marfat.com

سرکارِ دو عالم، نورِ مجسّم، فخرِ انبیاء، محبوبِ کبریا، رحمۃ للعالمین احمدِ مجتبیٰ، حضرت مُحَمَّد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ کے محبوب ہیں۔

سورہ احزاب میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے محبوب آنحضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی عظمتِ شان کو دوام بخشتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى
النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ؕ

(بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر۔ اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ



Marfat.com

# برکات
# دُرُودُ سلام

- اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ کی رحمت اور خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔
- بندہ اللہ تبارک وتعالیٰ جلّ شانہٗ کے غضب و غصّہ سے محفوظ رہتا ہے۔
- ایک دفعہ دُرُودِ پاک پڑھنے سے سو حاجتیں پُوری ہوتی ہیں۔
- رزق کی تنگی نہیں ہوتی۔
- ہر دشمن پر فتح ملتی ہے۔
- بے شمار دُنیاوی اور رُوحانی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔
- نیک اعمال میں برکت ہوتی ہے۔
- بیماری سے شفا ملتی ہے۔
- پریشانی وغم دُور ہو جاتے ہیں۔
- حضور نبیٔ اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی محبّت میں اضافہ ہوتا ہے۔
- بھُولی ہوئی چیزیں یاد آ جاتی ہیں۔



Marfat.com

- بندہ لوگوں میں معزز اور معتبر ہوتا ہے۔
- لوگوں کے دلوں میں عزت بڑھتی ہے۔
- حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت کا ذریعہ ہے۔
- گناہوں پر پردہ پڑا رہتا ہے۔
- بلائیں اور مصیبتیں دُور رہتی ہیں۔
- حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بارگاہ میں نام لیا جاتا ہے۔
- حضُور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی شفاعت نصیب ہوتی ہے۔
- بارگاہِ الٰہی میں دُعائیں مقبول ہوتی ہیں۔

# اوقاتِ درُود شریف

درُود شریف ایسا وظیفہ ہے جو ہر وقت پڑھا جا سکتا ہے۔ درُود شریف پڑھنے کی کوئی تعداد مقرر ہے نہ وقت اور مقام، بلکہ جب چاہے، جتنا چاہے، جہاں چاہے، جس وقت چاہے اور جس حالت میں چاہے پڑھے۔

درُود شریف افضل ترین عبادت ہے۔ جہاں تک



Marfat.com

ممکن ہو سکے ہر وقت دُرود شریف کا وظیفہ رکھنا چاہیئے۔

**نماز اور خُطبوں میں دُرودِ پاک کا پڑھنا**

لازمی ہونے کے ساتھ اِن اوقات و مقامات پر دُرودِ پاک کا پڑھنا زیادہ افضل ہے :

١) ہر اذان اور نماز کے بعد۔
٢) ہر دُعا و استغفار سے پہلے اور بعد۔
٣) کھُلا میدان، سبزہ اور چراگاہ دیکھ کر۔
٤) صاف بہتا ہُوا پانی یعنی دریا، ندی اور چشمہ وغیرہ دیکھ کر۔
٥) حضور نبئ پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلّم کا نامِ مبارک لیتے، لکھتے، پڑھتے اور سُنتے وقت۔
٦) جُمعرات اور جُمعۃ المبارک کے دن۔
٧) بارش برستی دیکھ کر۔
٨) مظاہرِ قدرت یعنی پہاڑ، دریا، سمندر، چشمہ، پھُول، ستارے وغیرہ دیکھ کر۔
٩) گھر سے نکلتے ہُوئے اور سفر پر روانہ ہوتے ہُوئے۔
١٠) گھر میں داخل ہوتے وقت اور سفر سے واپسی پر۔
١١) کوئی وظیفہ پڑھنے سے پہلے اور آخر۔
١٢) قرآن پاک پڑھنے سے پہلے اور آخر۔



Marfat.com

(۱۳) صفا و مروہ پر چڑھتے ہوئے۔

(۱۴) روضۂ منورہ پر نظر پڑنے پر۔

(۱۵) کسی مجلس میں داخل ہوتے وقت۔

(۱۶) دانستہ یا نادانستہ گناہ کا ارتکاب ہو جائے تو بخشش کے لیے کثرت کے ساتھ۔

(۱۷) سوتے اور بیدار ہوتے وقت۔

(۱۸) دُودھ دوہتے اور پیتے وقت۔

(۱۹) مسجد میں داخل ہوتے ہوئے اور مسجد سے باہر نکلتے ہوئے۔

(۲۰) وضو کرتے وقت۔

(۲۱) کوئی بات یا چیز بھول جائے تو اس بات یا چیز کی یاد دہانی کے لیے۔

## (۲۲) مندرجہ ذیل اوقات میں

● بازار جاتے وقت ● خرید و فروخت کرتے وقت ● آپس میں مُلاقات پر ● آپس میں مصافحہ کرنے پر ● رات کو سونے سے پہلے ● سواری پر سوار ہوتے وقت ● منزل پر قیام کرتے وقت ● کسی قسم کی مشکل پیش آنے پر ● وصیت تحریر کرتے وقت ● ہاتھ پاؤں سُنّ ہونے پر۔



Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ۱: درُودِ ابراہیمی

حضرت عبدالرحمٰن ابنِ ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ وہ صحابیِ رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم حضرت کعب بن عجرہ سے ملے تو حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مَیں تمھیں ایک تحفہ دینا چاہتا ہُوں، جو مجھے رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے عطا فرمایا تھا۔

مَیں نے عرض کیا: ضرُور ایسا مُبارک تحفہ عنایت کریں۔

آپ نے فرمایا: جب اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ والی آیت قرآن پاک میں نازل ہُوئی تو مَیں نے عرض کیا "اے اللہ کے رسُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہم کن الفاظ میں آپ پر درُود پڑھیں"! تو حضُور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے ہمیں درُودِ ابراہیمی سکھلایا۔ ایسی ہی حدیثِ مُبارک حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

یہی درُود پاک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے نماز کے اندر تشہُد کی حالت میں بھی پڑھنے کا حکم فرمایا ہے۔ اِسی لیے علماء کرام اِس بات پر متفق ہیں کہ جو درُود نماز میں ہے وہی سب سے افضل ہے کیونکہ نماز فرض عبادات میں سب سے افضل عبادت ہے۔

(مدارج النبوت)



Marfat.com

# دُرودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ترجمہ: اے اللہ! دُرود بھیج محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر و آلِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم پر جیسا کہ تُونے دُرود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السّلام و آلِ ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک تُو ہی قابلِ تعریف اور بزرگی والا ہے۔

اے اللہ! برکت نازل فرما محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر و آلِ محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر۔ جیسے کہ تُونے برکت نازل فرمائی اِبراہیم علیہ السّلام و آلِ ابراہیم علیہ السّلام پر۔ بے شک تُو ہی قابلِ تعریف اور بزرگی والا ہے۔



Marfat.com

# ۲ : درُودِ خضری

یہ درُود شریف اولیائے کرام کے معمُول میں سے ہے۔ حضرت میاں شیر محمّد شرق پوری رحمتہ اللہ علیہ، بزرگانِ چُورہ شریف اور چشمۂ خیر و برکت، ولیٔ کامل، صاحبِ کرامت و عظمت قدوۃ السالکین حضرت خواجہ محمّد صادق دامت برکاتہم العالیہ ساکن کوٹلی شریف آزاد کشمیر بھی اپنے مُریدین و معتقدین کو اِسی درُودِ پاک کی تلقین فرماتے ہیں۔

اِس درُودِ پاک کی برکت سے دل کو سکون حاصل ہوتا ہے، دین اور دُنیا میں کسی چیز کی کمی نہیں رہتی۔ مختصر لیکن جامع درُود ہے، کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔

درُودِ پاک :

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمْ ○

ترجمہ :

اے اللہ! درُود اور سلام نازل فرما۔ اپنے حبیب حضرت محمّد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اور آپ صلی علیہ وسلّم کی آل پر۔

⁘ ⁘ ⁘



Marfat.com

# ۳ : درُودِ ہزارہ

وسعتِ رزق اور قرض کی ادائیگی کے لیے بعد از عشاء ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں کسی قسم کی بھی مُصیبت یا پریشانی ہو تو بعد از نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے اسبابِ راحت میسّر ہوں گے۔

—— : نیز : ——

اِس دُرود شریف کو پڑھنے سے ایک ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے، ایک ہزار حاجات پُوری ہوتی ہیں اِس لیے اسے دُرودِ ہزارہ کہتے ہیں۔ یہ دُرود پاک زیارتِ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بھی مؤثر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۝

ترجمہ : اے اللہ! دُرود وسلام اور برکتیں نازل فرما محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر و آلِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔ ہر ذرّے کے عوض دس کروڑ بار (جتنے بھی ذرّے ساری کائنات میں ہیں۔)



Marfat.com

# ۴ : دُرودِ نعمتِ عُظمٰی

یہ دُرود ہمارے لیے ایک نعمتِ عظمٰی ہے۔ پاک و ہند میں یہ دُرود پاک تقریباً تمام ہی مُسلمانوں کو ازبر ہے۔ خیر و برکت کے لیے اکیلے اور باجماعت کثرت سے پڑھا جاتا ہے۔ اِس دُرود کے پڑھنے سے دلی مُرادیں پُوری ہو جاتی ہیں، رُوح کو تازگی ملتی ہے، رزق میں کشادگی پیدا ہوتی ہے۔

یہ دُرود پاک ہر نماز کے بعد تین مرتبہ ضرور پڑھنا چاہیئے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ

ترجمہ :

اے اللہ ! دُرود و سلام اور برکتیں نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمّد صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم پر اور آپ صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم کی آل اور صحابۂ کرام پر۔



Marfat.com

# ساتّ خاص الخاص

# جنّتی درُود

**۵ :** روایت ہے کہ ایک دن حضُور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خدمت میں صحابہ کرام حاضر تھے۔ سب درجہ بدرجہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اردگرد جمع تھے کہ ایک شخص نے آکر سلام عرض کیا۔ حضُور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اس شخص کو اپنے اور حضرت ابُوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھا لیا۔

صحابہ کرام اس محبت پر تعجب کرنے لگے اور اس کا سبب دریافت فرمایا۔

حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا :

"یہ شخص مجھ پر ایسا درود بھیجتا ہے جو آج تک کسی نے نہیں بھیجا۔" اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے وہ درُود شریف پڑھ کر سُنایا۔ یہ درُود شریف پڑھنے والا حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خصوصی محبت اور شفقت کا حق دار ہو جاتا ہے۔

① اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط



Marfat.com

(۱) اے اللہ! درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم و آلِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر پہلے والوں، آخر والوں اور اپنے اعلیٰ ترین ملائکہ کی جماعت کے ساتھ روز قیامت تک۔

**۶:** حضور رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا:

"جو میرا اُمتی ہر روز صُبح کو دس مرتبہ یہ دُرود شریف پڑھے گا تو اُس دن کے تمام مخلوق کے نیک اعمال کے برابر ثواب اکیلا حاصل کرے گا"

(۲) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِنِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِنِ النَّبِیِّ كَمَا یَنْبَغِیْ لَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِنِ النَّبِیِّ كَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ

(۲) اے اللہ! درود بھیج (غیب کی خبریں بتانے والے) نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر، اور اپنی تمام مخلوق میں ان لوگوں



Marfat.com

کی تعداد کے مُطابق جو حضرت محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر دُرود پڑھتے ہیں اور دُرود بھیج (غیب کی خبریں بتلانے والے) نبی محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر اُن کی شان کے مُطابق، جس کے وہ حق دار ہیں اور دُرود بھیج نبی پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر جیسا کہ تُو نے ہمیں دُرود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔

**۷:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے فرمایا:
"جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اسے لامحدود ثواب عطا فرمایا جائے تو وہ ان الفاظ میں دُرود پڑھے":۔

**③ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ**

ترجمہ:
③ اے اللہ! دُرود بھیج حضرت محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر



Marfat.com

جو کہ اُمی نبی ہیں اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھرانے پر اور ازواجِ مطہرات پر جو کہ تمام مسلمانوں کی مائیں ہیں اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تمام اولاد پر جیسے کہ تُو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک تُو تعریف کیا گیا بزرگ و برتر ہے۔

---

**۸ :** حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

"میرے اہلِ بیت پر ان الفاظ میں درود شریف پڑھا جائے تو اس شخص کے جنتی ہونے کا میں ضامن ہوں۔"

(۴) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ترجمہ : (۴) اے اللہ ! اپنی صلوٰۃ، رحمتیں اور برکتیں نازل فرما (غیب کی خبریں بتانے والے) نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ



Marfat.com

علیہ وسلم پر اور آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی ازواجِ مطہرات پر، جو کہ تمام مومنین کی مائیں ہیں اور آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی اولاد اور اہلِ بیت پر، جیسا کہ نازل فرمایا تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک تُو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

---

**۹ :** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضوُر نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے برگزیدہ صحابۂ کرام ہیں۔ اِنہی دونوں باکمال صحابۂ کرام سے یہ روایت ہے کہ حضورِ نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا :

"جو شخص جُمعہ کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اُٹھنے سے پہلے اسّی (۸۰) مرتبہ یہ درُود شریف پڑھے تو اُس کے اسّی (۸۰) برس کے برابر کے گناہ معاف فرما دیے جاتے ہیں۔ اگر اس شخص کی عُمر اسّی (۸۰) سال سے کم ہے تو اُس کے والدین اور اَولاد کے گناہ مُعاف ہوجاتے ہیں۔"

⑤ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ط



Marfat.com

ترجمہ: (۵) اے اللہ! خوب درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ اُمی نبی ہیں اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور صحابہ کرام پر۔ اور سلامتی نازل فرما۔

۱۰: حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے عالم، محدث اور ولی اللہ گزرے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے بڑے محبوب بندوں میں سے تھے۔ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونے کا شرف بھی حاصل تھا۔ آپ کا ارشاد ہے: "جو شخص یہ بات چاہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اسے اپنے دستِ مبارک سے قیامت کے دن حوضِ کوثر سے بھرپور پیالہ پلائیں تو وہ شخص یہ درود شریف پڑھے:-

(۶) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط



Marfat.com

ترجمہ: (۶) اے اللہ! درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر، اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام پر و اولاد و ازواج مطہرات، و رشتہ دار و اہلِ بیت پر اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سسرال اور انصار اور فرماں برداروں اور محبت کرنے والوں پر اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ساری اُمت پر اور اُن تمام مُبارک ہستیوں کے ساتھ ہم پر بھی۔ اے رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔

---

**۱۱:** حضرت ابن ابی عاصم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے حدیث شریف ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
"جو شخص سات جمعۃ المبارک کی راتوں کو سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا تو اس کے تمام اگلے پچھلے گُناہ مُعاف ہو جائیں گے اور سیدھا جنت میں جائے گا۔"

(۷) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ



Marfat.com

وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰی جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصّٰلِحِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ

ترجمہ :

⑦ اے اللہ! درود نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آلِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔ ایسا درود جو کہ تیرا ہم سے راضی ہونے کا باعث بنے اور جس سے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق کی ادائیگی ہو اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرما وسیلہ و بزرگی اور مقامِ محمود جس کا تُو نے وعدہ فرمایا ہے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے ایسی جزاء عطا فرما جو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ عالی کے لائق ہو۔ اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان سب سے افضل جزاء عطا فرما جو تُو نے کسی نبی کو اُس کی اُمت کی طرف سے عطا فرمائی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام برادران یعنی انبیاء اور صالحین پر درود نازل فرما۔ اے رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔



Marfat.com

# ۱۲: دُرودِ غوثیہ

یہ دُرودِ پاک خاندانِ غوثیہ قادریہ کے معمولات میں سے ہے جو شخص اِس دُرود شریف کو روزانہ کم از کم تین مرتبہ پڑھے گا اسے مندرجہ ذیل سات نعمتیں حاصل ہوں گی :-

(۱) رزق میں برکت ہوگی۔ (۲) تمام کاموں میں آسانی ہوگی۔
(۳) کسی کی محتاجی نہ ہوگی۔ (۴) مخلوقِ خُدا اس سے محبت کرے گی۔
(۵) نزع کے وقت **کلمہ** پڑھنا نصیب ہوگا۔
(۶) جان آسانی سے نکلے گی۔ (۷) قبر میں کشادگی ہوگی۔

اللہ توفیق دے تو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ لینا چاہیئے۔

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

ترجمہ :

اے اللہ! دُرود وسلام اور برکت نازل فرما ہمارے سردار، آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ منبع ہیں جود و کرم کے۔ اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل پر۔



Marfat.com

# ۱۳: درودِ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

یہ درود شریف حضرت سید ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وظائف میں سے ہے جو کہ نہایت کامل ولی اور اللہ کے برگزیدہ بندے تھے، ان کا کہنا ہے کہ اِس درودِ پاک کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک لاکھ درود کے برابر ثواب ملتا ہے۔ کثرت سے پڑھنے پر عالمِ بالا کا رُوحانی مشاہدہ ہوتا ہے اور باطنی انوارات حاصل ہوتے ہیں۔ کسی بھی حاجت روائی کے لیے پانچ سو بار پڑھیں۔

انشاء اللہ حاجت ضرور پوری ہوگی :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ط

ترجمہ :

اے اللہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تیرے خاص نُور میں سے ہیں ایسا نور جو کہ جاری ہے تیرے تمام اسماء آثار اور صفات میں۔ اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور اصحاب پر (بھی درود نازل فرما)



Marfat.com

# ۱۴: دُرُودِ قلبی

بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہونے کے لیے یہ دُرُود شریف اکسیر ہے۔ دن رات باوضو ہو کر اس دُرُود شریف کے پڑھنے والے کی ہر دُعا قبول ہو جاتی ہے۔

اگر کوئی مُسلمان کسی بُری عادت میں مبتلا ہو اور اسے چھوڑنا چاہے تو اس دُرُود پاک کو ۱۱ مرتبہ صُبح و شام پڑھے۔

امراضِ قلب کے علاج کے لیے یہ دُرُود شریف بعد از نمازِ فجر و عشاء ۱۲۵ بار پڑھنے سے چند ہی دِنوں میں صحت ہو جاتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِیْبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ



102353

Marfat.com

ترجمہ :

اے اللہ! درود بھیج ہم گناہ گاروں کی شفاعت کرنے والے، ہمارے دلوں کو راحت پہنچانے اور ہمارے ظاہر و باطن کو پاکیزہ کرنے والے ہمارے سردار، آقا و مولا اور رہنما حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آل، اصحاب، ازواجِ مطہرات، اہلِ بیت، اولیائے امت اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے والے تمام مسلمانوں پر قیامت کے دن تک۔

# ۱۵: درودِ شفائے قلوب

جو شخص دل کے کسی مرض میں مبتلا ہو تو، گیارہ (۱۱) دن تک ۳۱۵ مرتبہ بعد از نماز فجر پڑھے اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

کوئی بھی بیماری جو لاعلاج ہوگئی ہو، کسی بھی ڈاکٹر، حکیم یا طبیب سے آرام نہ آئے تو اِس درود پاک کو چالیس (۴۰) دن تک ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ مریض باوضو ہوکر پڑھے اور پانی پر دم کرکے یہ پانی استعمال میں لائے تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقے میں اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا۔



Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ
الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ
وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! درود و سلام بھیج ، ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ ( غمزدہ ) دلوں کے طبیب اور ( تکالیف ) کی دوا ہیں ، اور جسموں کی عافیت اور ( بیماریوں میں ) ان کی شفاء ہیں ۔ اور آنکھوں کی روشنی اور چمک ہیں اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اولاد اور صحابہ کرام پر بھی سلامتی ہو ۔



Marfat.com

# ۱۶: درُودِ حُبِّ رسُول

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے محبت دین و دُنیا کی اصل بُنیاد ہے۔ حضورِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم سے محبت ہی مومن کی معراج ہے۔

یہ درُود پاک کثرت سے پڑھنے سے دُنیا کی سب چیزوں سے محبت ترک ہو کر نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کی محبت دل میں اور عمل میں خود بخود بڑھ جائے گی۔ بندہ شاندار اعزاز اور بے مثال انعام کا دُنیا اور آخرت میں حقدار ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
وَحِبِیْبِنَا وَمَحْبُوْبِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

ترجمہ:

اے اللہ! ہمارے آقا، ہمارے حبیب، ہمارے محبوب اور ہمارے مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم پر درُود، برکت اور سلامتی نازل فرما۔



Marfat.com

# ۱۷: درودِ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ :

علامہ عبدُ اللہ بن حکم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے نقل ہے کہ بعد از وفات امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو خواب میں دیکھ کر اُن سے دریافت کیا :

"اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا ؟"

امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا :

"میری مغفرت ہوگئی ، میرے لیے جنّت کو دُلہن کی طرح سجایا گیا۔"

مَیں نے پُوچھا کہ :

"آپ کو یہ مرتبہ کیسے مِلا ؟"

امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا :

"جو دُرود مَیں نے لکھا اور پڑھا یہ سب اس کی برکت ہے۔"

روایت ہے کہ :

اِس دُرود شریف کو ایک مرتبہ پڑھنے سے چھ لاکھ دُرود شریف پڑھنے کا ثواب مِلتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا



Marfat.com

ذِکْرَہُ الذّٰاکِرُوْنَ وَ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! درود بھیج حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر، جب تک یاد کریں آپ کو یاد کرنے والے اور غافل رہیں آپ کے ذکر سے غفلت برتنے والے۔

## ۱۸ : درودِ قرآنی

اِس درود پاک کے الفاظ یہ ہیں :

"اے اللہ ! قرآن کے حروف کے برابر نبیِ اکرم محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج !"

اِسی لیے اِسے درودِ قرآنی کہا جاتا ہے۔

اِس درودِ پاک کے بے پناہ فوائد ہیں۔

مختصراً یہ کہ :

اِس درودِ پاک کے پڑھنے سے دل میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بے پناہ محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

قرآنِ پاک کی تلاوت سے پہلے اور آخر میں سات سات مرتبہ پڑھنے



Marfat.com

سے وہ شخص اور اس کا گھر ہمیشہ خوشحال اور پُرسکون رہے گا۔

خشک سالی میں مسجد میں جمع ہو کر اجتماعی طور پر سوا لاکھ مرتبہ یہ درُود شریف پڑھنے سے رحمتِ خداوندی کا بادل آسمانوں پر چھا کر برس جاتا ہے۔

اِس درُود شریف کو تین مرتبہ صُبح و شام پڑھنے سے اِس قدر رحمتیں نازل ہوتی ہیں جو کہ احاطۂ گنتی سے باہر ہیں۔

درُود شریف :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ۝

ترجمہ :

اے اللہ ! درُود نازل فرما حضرت محمد مُصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور صحابۂ کرام پر اِتنا جتنے کہ قرآنِ پاک میں حروف ہیں اور ہر حرف کے بدلے ایک ہزار بار۔



Marfat.com

# ۱۹: دُرودِ انعام و اولاد

اگر کسی کے گھر اولاد نہ ہوتی ہو تو اُسے چاہیئے کہ ہر نمازِ جمعۃ المبارک کے بعد مسجد میں بیٹھ کر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ یہ **دُرود شریف** پڑھے۔ بعد ازاں اپنا سر سجدے میں رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نیک اولاد کے لیے **دُعا** مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مُراد ضرور پُوری ہوگی۔

دُرود پاک :

## اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ اَنْعَامِ اللّٰهِ وَ اَفْضَالِهٖ ؕ

ترجمہ :

اے اللہ! اِتنا دُرود و سلام نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر جتنا کہ تیرا انعام اور فضل و کرم کا شمار ہے۔



Marfat.com

# ۲۰: دُرودِ محمّدی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ دُرودِ پاک حضورِ نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اسمِ گرامی کے ساتھ منسوب ہے۔ حضورِ نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اپنی اُمّت پر کروڑہا احسانات ہیں۔

ہم نافرمانی، بدکاری، سستی اور گنہ گاری کی زندگی گزار رہے ہیں، جب کہ حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم ہر وقت بارگاہِ خُداوندی میں ہماری مغفرت کے لیے کوشاں ہیں۔

لہٰذا ہم اپنے مُحسن حضورِ نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر ان کے نامِ نامی سے منسوب دُرود دن میں ایک بار بھی پڑھ لیں تو ہماری بداعمالیوں کے باوجود بخشش کی اُمید ہے۔

یہ دُرودِ پاک ایک رازِ خداوندی ہے، جس کے بے پناہ فوائد اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہیں۔

اِس دُرودِ پاک کو چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا ہر مُشکل کا حل ہے:



Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ بِعَدَدِ
اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ صَلٰوةً دَآئِمَةً
بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰهِ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! اتنی تعداد میں درود نازل فرما ہمارے سردار اور اپنے بندے ، رسول (غائب بتلانے والے) اُمّی نبی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر جتنے سانس لیتی ہے ساری مخلوق اور جب تک قائم رہے یہ تیری مخلوق اے اللہ ! درود نازل فرما آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی آل پر۔



Marfat.com

# ۲۱: دُرودِ خاص

اِس دُرودِ پاک کی رحمتیں اور برکتیں اور فوائد لکھنا ناممکن ہے۔اِس دُرود کو پڑھنے والا ولی اللہ بن جاتا ہے۔

جب بھی کبھی رنج وغم یا اچانک مُصیبت نازل ہو جائے تو اِس دُرود شریف کا وِرد کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ تمام مُشکلات حل ہو جائیں گی۔

دُرودِ خاص یہ ہے :

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ
نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ

ترجمہ :

اے ہمارے آقا محمد ! صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم آپ پر اللہ تعالیٰ کا دُرود نازل ہو۔آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اللہ تعالیٰ کے نُوروں میں سے ایک نُور ہیں۔



Marfat.com

# ۲۲: دُرودِ مُسْتجابُ الدَّعوات

یہ دُرود پاک اللہ تعالیٰ کا رحم وکرم حاصل کرنے کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔

جو بندہ اِس دُرود پاک کو ایک سو مرتبہ بعد نماز فجر اور ایک سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے گا وہ زندگی بھر معزز و مکرم اور خوش حال رہے گا، تنگ دستی اور مفلسی سے بچا رہے گا۔

جو شخص بھی رزقِ حلال کھا کر نوّے (۹۰) دن تک روزانہ گیارہ سو مرتبہ سوتے وقت اِس دُرودِ پاک کو پڑھے گا تو انشاء اللہ زیارتِ رسُولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہو گا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْكَرِيْمِ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ

ترجمہ:

اے اللہ! دُرود نازل فرما اپنے اُمّی اور کریم نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر، اور سلامتی ہو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور صحابہ کرام پر۔



Marfat.com

# ۲۳: دُرودِ سعادت

اِس دُرود شریف کا کمال یہ ہے کہ اِس کے پڑھنے والے کو دین و دُنیا میں سعادت و سرفرازی حاصل ہو جاتی ہے۔ علاّمہ سیّد احمد دحلان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اِس کے بارے میں فرمایا ہے:

"جو شخص خلوصِ دل سے یہ دُرود پاک ایک بار پڑھے گا تو اس کے بدلے میں اسے چھ لاکھ دُرود کا ثواب ملے گا اور جو شخص جمعہ کے روز یہ دُرود ہزار بار پڑھے گا تو اس کا شمار دونوں جہان کے سعادت مند بندوں میں ہو گا اور اس کا نام ہمیشہ دین و دُنیا میں زندہ رہے گا۔"

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰہِ ط

ترجمہ:

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر دُرود نازل فرما۔ اس تعداد کے مُطابق جو کہ تیرے علم میں ہے۔ ایسا دُرود جو کہ تیری ہمیشہ قائم رہنے والی سلطنت کے ساتھ قائم رہے۔



Marfat.com

# ۲۴: درُودِ دُعا و دوا

حضرت علامہ ابنِ المشتہر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے کہ جو شخص چاہتا ہو اللہ تعالیٰ کی ایسی تعریف کروں کہ جیسی اب تک کسی نے نہ کی ہو اور ایسی حمد و ثنا، بیان کروں کہ جو آج تک کوئی نہ کر سکا ہو اور اس کے ساتھ افضل ترین درُود بھی پڑھنا مقصود ہو تو یہ پڑھے :

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! ساری تعریف تیرے ہی لیے ہے (ایسی تعریف) جو تیری شان کے مُطابق ہو۔ حضرت محمد مُصطفٰے



Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیج (ایسا درود) جو تیری شان کے اہل ہو۔ اور میرے ساتھ بھی وہ معاملہ کر جو تیری شان کے شایان ہو۔ بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے اور تو ہی مغفرت فرمانے والا ہے۔

# ۲۵: درود الطاہر

حضرت شیخ عبد الکریم احمد الشرابانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب میں لکھا ہے کہ :

" درود شریف پڑھنے سے منہ کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔
شرط یہ ہے کہ ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ پڑھا جائے۔"

شیخ شرابانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور دوسروں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے اور یہ طلوعِ سحر کی مانند سچا ثابت ہوا۔

درود شریف :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

ترجمہ :

اے اللہ! درود و سلام نازل فرما حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو تیرے پاک نبی ہیں۔



Marfat.com

# ۲۶: دُرودِ عالی قدر

حضرت امام یُوسف نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، حضرت احمد دحلان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور حضرت عثمان الدمیاطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جیسے بزرگانِ دین اس دُرود شریف کی شان میں رطبُ اللّسان ہیں اور اس دُرود پاک کی تعریف میں کتابیں لکھ دی ہیں۔

یہ دُرود شریف ہر مُصیبت، ہر مُشکل، ہر بیماری، ہر پریشانی اور دینی اُمور میں فتح و نصرت کی چابی ہے۔ ہر نماز کے بعد اِس کے وِرد سے ہر کام میں کامیابی ہوتی ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

دُرود شریف :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ عَالِی الْقَدْرِ عَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ



Marfat.com

ترجمہ :

اے اللہ ! درود و سلامتی اور برکت نازل فرما۔

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ اُمّی نبی ہیں اور تیرے پیارے حبیب ہیں بلند قدر اور بلند مرتبے والے ہیں۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور صحابہ کرام پر بھی سلامتی نازل فرما۔

# ۲۷: درودِ اوّل

اِس دُرود شریف کا ایک خاص فائدہ یہ ہے کہ :

اِس کے پڑھنے سے ہر بُرائی اور غلط عادات خود بخود چھوٹ جاتی ہیں۔ نماز اور عبادات میں لُطف آنے لگتا ہے۔

آدمی عابد و پرہیزگار بن جاتا ہے۔

دین سے شغف رکھنے والے اور وظیفے پڑھنے والے حضرات کی منزلیں اِس دُرود کے وِرد سے جلد طے ہو جاتی ہیں۔

یہ ایک اسم اعظم بھی ہے۔

اِس کے پڑھنے والے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عاشقوں کی اوّل صف میں شامل ہو جاتے ہیں۔

اِسی لیے اِس کا نام دُرودِ اوّل ہے۔



Marfat.com

دُرودِ اوّل یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَآئِکَ وَاَکْرَمِ اَصْفِیَآئِکَ مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِہٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ط

ترجمہ :

اے اللہ !

دُرود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر جو کہ تیرے تمام انبیاء کرام میں افضل ہیں اور تیرے وہ تمام بندے جن پر تُو نے کرم کیا وہ اُن سب میں بھی زیادہ محترم ہیں اور ان کے نُور سے سارے نُور ظاہر ہُوئے ۔ وہ معجزات والے اور صاحبِ مقامِ محمُود ہیں۔ وہ اوّلین اور آخرین کے مولیٰ ہیں ۔



Marfat.com

# ۲۸: درُودِ ناریہ

یہ درُودِ پاک رُوحانی اسرار کا خزینہ ہے۔ اِس درُود پاک کے راز اور فوائد کامل اولیاء و اقطاب کے سوا کوئی نہ جان سکا۔

اِس درُود پاک کا دُنیاوی فائدہ یہ ہے کہ:

جب بھی رنج و ملال ہو یا کوئی مُصیبت آجائے تو وضو کر کے فوراً ہی اِس کا وِرد شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے زحمت رحمت میں بدل جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

باوضو ہو کر کم از کم ۴۱ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً
وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰى سَيِّدِنَا
وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ تُنْحَلُّ
بِهِ الْعُقَدُ وَتُنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ
وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ



Marfat.com

بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ ط
وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ
وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! تو دُرود نازل فرما۔ ایسا دُرود جو کہ کامل ہو اور ایسا سلام جو کہ مکمل ہو۔ اُوپر ہمارے سردار، آقا و مولیٰ حضرت محمد مُصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے، جن کی وجہ سے مُشکلیں حل ہوتی ہیں، اور پریشانیاں دُور ہوتی ہیں اور نیک مقاصد حاصل ہوتے ہیں، اور خاتمہ بخیر ہوتا ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کرم والے شاداب چہرے کی برکت سے بادل سیراب کرتے ہیں۔ اے اللہ ! دُرود و سلامتی نازل فرما آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اولاد، اور دوستوں پر، ہر لمحہ اور ہر سانس میں اس (سب سے بڑے) عدد کے مطابق جو کہ تیری ذاتِ کبریا کو ہی معلوم ہے۔ اے اللہ۔ اے اللہ !



Marfat.com

# ۲۹: درُودِ دیدار

## (ستّر ہزار نیکیاں ستّر ہزار دن)

مزرع الحنات میں درج ہے کہ :

"اگر کوئی شخص اس درُود شریف کو پڑھے تو ستّر ہزار فرشتے ایک ہزار دن تک اس شخص کے نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔"

پہلی اُمتوں کی عمریں ہزار ہزار سال ہوتی تھیں، اِس لیے وہ عبادت بھی زیادہ کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی اُمت کی عُمریں تو کم کر دیں لیکن عبادات کا ثواب ہزار گناہ کر دیا۔

جذب القلوب میں لکھا ہے کہ :

"جو شخص محبت اور پاکیزگی کے ساتھ ہمیشہ پڑھے گا۔ وہ دیدارِ نبی پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے مشرف ہوگا۔"

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَاہُ لَہٗ**



Marfat.com

ترجمہ :

اے اللہ! تو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آلِ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایسا درود نازل فرما جو کہ تجھے محبوب اور پسند ہو۔

## ۳۰: درُودِ حبیب

اِس درُودِ پاک کی کثرت سے اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قربت نصیب ہوتی ہے۔ اِس درُودِ پاک کی برکتوں سے بعداز وفات پڑھنے والے کی قبر نور سے روشن ہو جاتی ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَ عَلٰٓی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ ط

ترجمہ :

اے اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ پر درُود وسلام ہو۔ اور اے اللہ کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کی آل اور صحابہ کرام پر درُود وسلام ہو۔



Marfat.com

# ۳۱: دُرودِ اوّل و آخر

جو مُسلمان تمام عُمر خدا کو بھولا رہا اور اس کے شب و روز فسق و فجور، بے نمازی، جُوا، شراب، بداعمالی، کاروبار میں بدنیتی اور کثرتِ گناہ میں بسر ہوئے ہوں اور اب اسے آخرت کا خیال آجائے۔ قبر، موت، حشر اور عذاب کا خوف دامن گیر ہو، تو یہ دُرود پاک کثرت سے پڑھنا شروع کرے خصوصاً ہر نماز کے بعد۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ اور سیاہ اعمال معاف کر دیے جائیں گے۔

علاوہ ازیں اگر کوئی دشمن تنگ کرتا ہو تو سات جمعہ بعد از نمازِ جمعہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے وہ شخص دشمنی اور ایذا رسانی سے باز آجائے گا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ:

اے اللہ! دُرود نازل فرما اپنے حبیب حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام پہلوں اور پچھلوں میں بزرگ ترین ہیں۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور صحابہ کرام پر برکتیں اور سلامتی نازل ہو۔



Marfat.com

# ۳۲: درُودِ نُور

سُبحان اللہ! یہ درُود اسمِ اعظم ہے۔
اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حبیبِ پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے طفیل ہمارے لیے یہ درُود اِس دُنیا میں ظاہر کیا۔ اگر کوئی شخص بغیر مُرشد کے بھی ولی بننا چاہے تو اس درُودِ پاک کو خوب پڑھے۔
جمعہ کے دن کسی وقت بھی کم از کم سو مرتبہ تو ضرور وِرد کرنا چاہیئے۔ اِس درُود کے پڑھنے سے انشاء اللہ دل میں نُور پیدا ہوگا، اسرارِ الٰہی کھُلیں گے، اور انوار وتجلّیات کا ظہُور ہوگا۔ یہ درُودِ نُور ہے، اس کے ایک ایک حرف میں نُور کے سمندر سمائے ہُوتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ

ترجمہ:
اے اللہ! درُود بھیج نبیٔ محترم حضرت محمّد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر جو کہ ـــــ نُوروں کے نُور ہیں، اور (تمام کائنات کے) رازوں کے جاننے والے ہیں اور نیکوکاروں کے آقا ہیں۔



Marfat.com

# ۳۳: دُرودِ واحد

حضرت عبدُاللہ بن مسعُود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث شریف ہے کہ خاتم النبیین سیّدُالمرسلین حضرت محمّد مُصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا :

"جب تم لوگ مجُھ پر دُرود پڑھو تو خوب بنا سنوار کر خوبصورت طریقے سے، محبّت سے اور اچھی طرح پڑھو، کیا تم جانتے ہو کہ تمھارا پڑھا ہُوا دُرود شریف مجُھ پر تمھاری شکل اور نام سمیت پیش کیا جاتا ہے۔"

پھر نبیٔ آخر الزماں امام الانبیاء حضرت محمّد مُصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے یہ دُرود شریف ہمیں یاد کروایا :

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَكَ وَرَحْمَتَكَ
وَبَرَکَاتِكَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَیْرِ



Marfat.com

وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ط اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ
الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَنِ الَّذِیْ یَغْبِطُهٗ
بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ط

ترجمہ :

اے ہمارے پروردگار! اپنے درود، رحمتیں اور برکتیں نازل فرما حضرت محمد مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر، جو کہ سارے رسولوں کے سردار ہیں اور تمام پرہیزگار لوگوں کے امام ہیں جن پر نبوت ختم ہے اور جو تیرے بندے اور رسُول ہیں۔ بھلائی کے امام اور نبیؐ رحمت ہیں۔

اے اللہ!

ان کو مقامِ محمُود عطا فرما۔ جس (مقام) کے لیے رشک کریں پہلے اور پچھلے سب لوگ۔



Marfat.com

# ۳۴: درُودِ مقامِ محمُود

حضرت ابُوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضُور نبیِّ کریم
حضرت محمد مُصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے فرمایا :
"تم جب بھی درُودِ پاک پڑھو تو میرے لیے وسیلہ بھی مانگا کرو۔"
کسی نے عرض کیا کہ :
"یارسُول اللہ ! وسیلہ کیا ہے ؟"
تو آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے فرمایا :
"جنت کا سب سے اعلیٰ مقام۔"
بخاری شریف کی حدیث ہے کہ :
"جو شخص اذان سُنے تو وہ ——— حضُور نبیِّ کریم
ختم المرسلین امام الانبیاء صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر
درُود پڑھے اور وسیلہ مانگے۔"

حضُور نبیِّ کریم حضرت محمد مُصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم تو رحمۃٌ لِلعالمین ہیں۔ وہ تو خلقِ خدا کو رحمتیں، برکتیں اور خوُشیاں بانٹنے پر مامُور ہیں۔
ایسی پاکیزہ اور مُبارک ذات کچھ اپنے لیے طلب کرے اور ہم ادا کریں تو اس کے بدلے میں ہمیں جو اجرِ عظیم ملے گا اسے اللہ جلّ شانہٗ کی ذات ہی جانتی ہے۔



Marfat.com

درود شریف یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

ترجمہ :

اے اس کامل دعوت اور کھڑی ہونے والی نماز کے رَب!

حضرت محمد مُصطفٰے صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما۔ اور آپ صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم کو اس مقامِ محمود پر مبعوث فرما جس کا تُو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔



Marfat.com

# زیارتُ النّبی صلّی اللہ علیہ وسلّم

## کے آسان طریقے

## ۳۵: (الف)

مفاخر الاسلام میں درج ہے کہ :

"جو بھی اُمتی جُمعہ کے روز ایک ہزار بار یہ دُرود شریف پڑھے اور کم از کم پانچ جُمعہ یہی عمل کرے تو وہ حضور نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی زیارت سے مشرف ہوگا، یا کم از کم جنت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔"

دُرود شریف یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! اپنے اُمّی نبی حضرت محمد مُصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر دُرود نازل فرما۔



Marfat.com

## ۳۶: (ب)

جامع التفاسیر میں درج ہے کہ:

"جمعہ سے پہلے والی شب کو دو رکعت نماز پڑھیں۔ ہر رکعت میں ایک بار سورہ فاتحہ (الحمد شریف) ۱۱ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ بار قُل ھُوَ اللہ پڑھیں۔ بعد از سلام سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین جمعہ تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

ترجمہ:

اے اللہ!

اپنے اُمّی نبی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اور صحابۂ کرام پر درود وسلامتی نازل فرما۔

◎



Marfat.com

## ۳۷ : (ج)

جمعہ سے پہلی شب دو رکعت نماز ادا کریں:
ہر رکعت میں بعد از سُورۃ فاتحہ (الحمد شریف)، پچیس (۲۵) مرتبہ سُورۃ اخلاص (قُل ھُوَاللہ) پڑھیں۔
سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ دُرود شریف پڑھیں۔
پانچ جمُعہ کے اندر انشاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔

### دُرود شریف یہ ہے :

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ط

ترجمہ :

اے اللہ!
اُمّی نبی حضرت محمّد مُصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر دُرود نازل فرما۔



Marfat.com

# ۳۸ : ایک مکمّل دُرُود شریف

صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ
وَعَلٰى آلِهٖ وَصَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللهِ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! اپنے اُمّی نبی حضرت محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم و آلِ نبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر دُرود وسلامتی نازل فرما۔ اے اللہ کے رسُول !صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم آپ پر دُرود اور سلام۔

اس کا وِرد دین و دُنیا میں کامیابی کے لیے نسخۂ کیمیا ہے۔ خاص طور پر نمازِ جمعہ کے بعد دست بستہ کھڑے ہوکر مدینہ شریف یا کعبہ شریف کی طرف مُنہ کرکے اکیلے، گھر والوں یا مجمع میں جیسا بھی ہو یہ دُرود شریف پڑھیں۔ باقی تمام نمازوں کے بعد بھی اِسی طرح پڑھ سکتے ہیں۔



Marfat.com

خاص طور پر عورتیں اپنے گھروں میں جتنا بھی زیادہ سے زیادہ پڑھ سکتی ہوں پڑھیں۔

اِس دُرود شریف کے فوائد و برکات احادیث سے منقول ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں :

(۱) اس کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

(۲) اس پر دو ہزار مرتبہ اپنا سلام بھیجتا ہے۔

(۳) پانچ ہزار نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دی جاتی ہیں۔

(۴) اس کے پانچ ہزار گناہ مُعاف ہو جاتے ہیں۔

(۵) پانچ ہزار درجات بلند کر دیے جاتے ہیں۔

(۶) اس کے ماتھے پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ شخص منافق نہیں۔

(۷) اس کی پیشانی پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ شخص دوزخ کی آگ سے آزاد ہے۔

(۸) اس کو قیامت کے دن شہداء کا مقام عطا ہو گا۔

(۹) جب تک وِرد میں مشغول رہے گا اللہ تعالیٰ کے معصوم فرشتے اس پر دُرود بھیجتے رہیں گے۔

(۱۰) اللہ تبارک و تعالیٰ اس کی تین سو حاجات پُوری فرمائے گا۔ دو سو دس (۲۱۰) آخرت میں اور نوّے (۹۰) دُنیا میں۔

(۱۱) اس کے دین میں زبردست ترقی ہو گی۔

(۱۲) اولاد میں برکت ہو گی۔

(۱۳) اللہ تعالیٰ اس کو محبوب بنائے گا۔

(۱۴) مخلوق کے دل میں اس کی محبت رکھے گا۔

(۱۵) اس کا ایمان پر خاتمہ ہو گا۔



Marfat.com

(۱۶) قبر و حشر میں پناہ میں رہے گا۔

(۱۷) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔

(۱۸) قیامت کے دن عرش کے سایہ میں ہوگا۔

(۱۹) حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت کے روز اس کے گواہ ہوں گے۔

(۲۰) میزان میں اس کی نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا۔

(۲۱) قیامت کی پیاس سے محفوظ رہے گا۔

(۲۲) حوضِ کوثر پر حاضری نصیب ہوگی۔

(۲۳) پُلِ صراط پر آسانی سے گزر جائے گا۔

(۲۴) قیامت میں اس کے لیے نُور ہوگا۔

(۲۵) قیامت میں حضور پُرنور رسُولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اُس کے ساتھ مصافحہ فرمائیں گے۔

(۲۶) رسُولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزدیک ہوگا۔

(۲۷) سب سے اعلیٰ اعزاز اس کا یہ ہوگا کہ فرشتے پڑھنے والے اور اس کے باپ کا نام لےکر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کریں گے کہ یارسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فلاں ابنِ فلاں آقائے نامدار حبیبِ کردگار احمدِ مجتبیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درُود و سلام عرض کرتا ہے۔ حضور نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہر مرتبہ اس کے جواب میں ارشاد فرمائیں گے:

فلاں ابن فلاں پر میری طرف سے سلام اور اللہ کی رحمت اور اللہ کی برکتیں اس پر نازل ہوں۔

(۲۸) اللہ تعالیٰ اس شخص سے راضی رہے گا۔



Marfat.com

## ہدایت :

ہمارا فرض ہے کہ اپنی بیویوں کو بھی اس بات کا حکم دیں کہ وہ ہر جمعہ کو درود شریف اس طرح پڑھیں جس طرح اُوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔

جس گھر میں جمعہ کے دن یہ درود پڑھا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس گھر میں رحمتیں ہی رحمتیں برسنے لگیں گی۔

ہم اپنی بیوی اور بچوں کے متعلق بھی جواب دہ ہیں۔ انھیں ہدایت کریں کہ کم از کم پانچ منٹ نکال کر جمعہ کے دن اس کا وِرد کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم کو نیکی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط



Marfat.com

## ۳۹: درود النّبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم

◎

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

ترجمہ :

اے اللہ !

درود بھیج رُوحِ حضرت محمد مُصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر درمیان رُوحوں کے (جو بہترین رُوح ہے) اور درود بھیج آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے جسمِ مُبارک پر درمیان تمام جسموں کے (جو بہترین جسم ہے) اور آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی لحد مُبارک پر درمیان تمام لحدوں کے (جو بہترین لحد ہے)

◎



Marfat.com

# ۴۰ : درُودِ رُوحی یا دُرودِ قبُور

درُود ِرُوحی کے پڑھنے سے فوت شدہ حضرات کو قبروں میں بہت فائدہ پہنچتا ہے اور ان کے لیئے بخشش کا ذریعہ ہے۔

اگر کسی کے والدین فوت ہو چکے ہوں اور وہ حق تعالیٰ جلّ شانہٗ سے ان کی بخشش کروا کر اپنا حق ادا کرنا چاہے تو اکتالیس (۴۱) روز اپنے ماں باپ کی قبور پر اس درُود پاک کو صُبح کے وقت اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضُور ان کی مغفرت کی دُعا کرے۔

جس قبرستان میں یہ درُود پاک پڑھا جائے گا تو پُورے قبرستان میں ارواح کو عذاب سے نجات حاصل ہوگی۔

لہٰذا جب بھی کوئی قبرستان جائے یا اس کا وہاں سے گزر ہو، تو یہ درُود شریف ایک مرتبہ ضرور پڑھے۔

درُود شریف :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الصَّلٰوۃُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الرَّحْمَۃُ



Marfat.com

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الْبَرَكَاتُ

وَصَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ

وَصَلِّ عَلٰى صُوْرَةِ مُحَمَّدٍ فِى الصُّوَرِ

وَصَلِّ عَلٰى اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَسْمَاءِ

وَصَلِّ عَلٰى نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِى النُّفُوْسِ

وَصَلِّ عَلٰى قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ

وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

وَصَلِّ عَلٰى رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ فِى الرِّيَاضِ

وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ

وَصَلِّ عَلٰى تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِى التُّرَابِ

وَصَلِّ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِكَ



Marfat.com

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَحِبَّائِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

ترجمہ :

اے اللہ! درُود نازل فرما جنابِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جب تک کہ تیری نماز پڑھی جاتی رہے اور درُود نازل فرما محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جب تک کہ تیری رحمت باقی ہے اور درُود نازل فرما جنابِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جب تک کہ تیری برکتیں جاری ہیں، اور درُود نازل فرما رُوحِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام رُوحوں کے درمیان بہترین رُوح ہے۔ اور درُود نازل فرما چہرۂ اطہر جناب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام چہروں میں بہترین ہے۔ اور درُود نازل فرما نامِ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ سب ناموں میں بہترین ہے، اور درُود نازل فرما نفسِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام نفُوس میں بہترین ہے، اور درُود نازل فرما قلبِ محمد



Marfat.com

مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام قلوب میں بہترین ہے، اور درُود نازل فرما اُوپر قبر محمد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام قبُور میں بہترین ہے، اور روضۂ رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درُود نازل فرما جو کہ تمام روضوں میں بہترین ہے، اور درُود نازل فرما جسم مُبارک محمد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام اجسام میں بہترین ہے اور درُود نازل فرما تُربتِ محمد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ تمام تُربتوں سے میں بہترین ہے، اور درُود نازل فرما اُوپر اپنی مخلُوق کے بہترین فرد ہمارے آقا حضرت محمد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور اصحاب و ازواج، ذرّیات و اہلِ بیت اور احبابِ محمد مُصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر، اور درُود نازل فرما اپنی رحمت کے ساتھ۔

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے!



Marfat.com

## ۴۱ : دُرودِ رحمت یا دُرودِ ماہی

دُرودِ ماہی اپنے پڑھنے والے کو ہر مُصیبت اور بلا سے بچاتا ہے۔ اسے کثرت سے پڑھنے والا جادُو ٹُونے اور دشمن کے حملے، حسد، جنّات اور آسیب سے محفوظ رہتا ہے۔ روزانہ بعد از نمازِ فجر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ جلّ شانُہٗ، پڑھنے والے شخص کی حفاظت اور عزت افزائی کے لیے ایک فرشتہ مقرر کر دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْخَلَآئِقِ وَاَفْضَلِ
الْبَشَرِ وَشَفِیْعِ الْاُمَمِ یَوْمَ الْحَشْرِ
وَالنَّشْرِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ



Marfat.com

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ
وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی کُلِّ
الْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ
الصّٰلِحِیْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا
کَثِیْرًاط بِرَحْمَتِكَ وَبِفَضْلِكَ وَ
بِکَرَمِكَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ
بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط
یَاقَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَاحَیُّ
یَا قَیُّوْمُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ
یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَ



Marfat.com

لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! درود بھیج حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جو کہ تمام مخلوق میں سب سے بہتر ہیں، افضل البشر ہیں اور روزِ قیامت اُمّت کی شفاعت کرنے والے ہیں۔

اے اللہ ! درود بھیج حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و آلِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اس سب سے بڑے عدد کے مطابق (جو کہ صرف تیری ذاتِ باری تعالیٰ کو معلوم ہے) برکتیں اور سلام نازل ہو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور آل پر۔

اے اللہ ! درود بھیج تمام انبیاء اور رسولوں پر۔ اور درود بھیج تمام مقرب فرشتوں اور صالح بندوں پر، اور بھیج سلامتی کثیر مقدار میں۔

اے اللہ ! اپنی رحمت کر، اپنا فضل کر، اپنا کرم کر، اے سب سے زیادہ کرم فرمانے والے۔ اپنی رحمت کر اے سب سے زیادہ رحمت کرنے والے۔ تُو قدیم ہے تُو ہمیشہ رہنے والا ہے۔ تُو زندہ اور قائم ہے۔ تُو وِتر ہے۔ تُو اَحد ہے۔ تُو



Marfat.com

بے نیاز ہے۔ نہ تو تجھے کسی نے جنا اور نہ تُو نے کسی کو جُنا۔
نہیں تیرے برابر کا کوئی اور۔ تُو اکیلا ہے ساتھ اپنی رحمت کے
اے رحم کرنے والے رحم کر۔

◎

# ۴۲: درُود چودہ ہزاری

اگر کوئی شخص چاہے کہ کم از کم وقت میں زیادہ سے زیادہ ثواب حاصل کرلے تو اس درُود شریف کو پڑھے جس کے ایک مرتبہ پڑھنے سے، پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ چودہ ہزار درُودوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔

حضرت سید احمد الصاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ :

"یہ درُود شریف مکمل درُود اور طریقت والوں کا درُود ہے۔"

اہلِ طریقت کے وظائف میں سے ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد اس کو برابر پڑھتے ہیں۔ اس کا ثواب بے انتہا ہے۔

حضرت شیخ عبدالباقی الحنبلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے کہ :

"اس درُود شریف کا ثواب بے حساب ہے۔"

آپ نے فرمایا :

"اس درُود شریف کو صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار درُودوں کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔"

درُود شریف یہ ہے :



Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِہٖ عَدَدَ
كَمَالِ اللّٰہِ وَكَمَا یَلِیْقُ بِكَمَالِہٖ

ترجمہ :

اے اللہ ! دُرود ، سلامتی اور برکتیں نازل فرما حضرت محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر ، اور آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی آل پر۔ اے اللہ ! اپنے عددِ کمال کے مُطابق ایسا باکمال دُرود بھیج جو کہ تیرے لائق ہے۔

## ۴۳ : دُرودِ مُوسوی

حضرت مُوسیٰ کلیم اللہ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے جب حبیبِ خُدا نبیِّ کریم محمد مُصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی اُمت کی شان کو مُلاحظہ کیا تو دربارِ الٰہی میں درخواست پیش کی :

یا اللہ ! مجھے اس اُمت میں سے کر دے۔"

ارشادِ باری تعالیٰ ہُوا :

"اے پیارے کلیم ! تُو میرے حبیب پر دُرودِ پاک پڑھ۔"



Marfat.com

تو اس وقت حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فوراً درودِ پاک پڑھا۔

درودِ پاک یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ
وَمَنْبَعِ الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْکَوْنَیْنِ
وَشَرَفِ الدَّارَیْنِ وَسَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ
الْمَخْصُوْصِ بِقَابَ قَوْسَیْنِ

ترجمہ :

اے اللہ ! درود بھیج اُوپر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے جو خاتم الانبیاء ہیں اور خزانہ ہیں تیرے بھیدوں کے اور تیرے انوار کا چشمہ ہیں اور کونین کا حُسن ہیں، دُنیا و آخرت کے اشرف ہیں، جن و انسان کے سردار ہیں۔ قاب قوسین کے مرتبے کے لیے مخصوص ہیں۔



Marfat.com

# ۴۴: دُرُودِ تنجینا

جو شخص اِس دُرُود شریف کو سوتے وقت ایک ہزار بار پڑھے اور باوضو ہی سو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے عمل کے دوران ہی دیدارِ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

پریشانی، خطرات اور مصائب کے وقت روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں، نجات دہندہ ہے۔ ہر تکلیف کے وقت زیادہ سے زیادہ پڑھا جائے، یہ دُرُود شریف تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

منہاج الحسنات میں ابنِ فاکہانی کی کتاب فجرِ منیر سے نقل کیا ہے کہ:

"ایک بزرگ نے کہا کہ میں جہاز پر سوار تھا۔ جب طوفان کی موجوں سے جہاز ڈوبنے لگا تو مجھ پر غنودگی طاری ہوگئی اس حالت میں مجھے رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوئی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم فرمایا کہ دُرُودِ تنجینا جہاز کے سوار ہزار بار پڑھیں۔"

ہنوز تین سو تک پڑھنے کی نوبت نہیں پہنچی تھی کہ جہاز ڈوبنے سے بچ گیا اور طوفان سے نجات پائی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا



Marfat.com

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ
جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ
لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ
تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ
وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ
وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ
جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ
الْمَمَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ
وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَیَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ
وَیَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ وَیَا دَافِعَ
الْبَلِیَّاتِ وَیَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ



Marfat.com

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَا اِلٰھِیْ

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اور ان کی آل پر ایسا دُرود نازل فرما جس سے ہمیں تمام ڈر خوف اور آفتوں سے نجات حاصل ہو جائے اور جس کی برکت سے ہماری تمام حاجتیں پوری ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک صاف ہو جائیں اور جس کے وسیلے سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر فائز ہوں اور جس کے ذریعے ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد تمام اچھائیوں سے بہترین فائدہ حاصل کریں۔ خدائے بزرگ و برتر ! بتحقیق تو ہماری دُعاؤں کو قبول فرمانے والا اور ہمارے درجات کو بلند کرنے والا ہے، اور ہماری حاجتوں کو پُورا کرنے والا اور ہماری بلاؤں کو رفع کرنے والا اور ہماری سخت مشکلات کو حل کرنے والا ہے۔ یا اللہ ! میری فریاد سُن ۔ میری فریاد سُن ۔ میری فریاد سُن۔

بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔



Marfat.com

# ۴۵: درودِ علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ

وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَیْہِ

وَعَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

ترجمہ :

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور انبیاء کرام اور تمام رسولوں اور کل مخلوق کی طرف سے نبی کریم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کی آل پر درود نازل ہو۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل پر سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔



Marfat.com

# ۴۶ : دُرودِ خمسہ

باسلامت اور امن و امان میں رہنے اور عزت کے ساتھ وقت بسر کرنے کے لیے دُرودِ خمسہ کا وِرد سب سے زیادہ اعلیٰ و افضل ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اِس دُرود شریف کی تعریف میں کئی باتیں لکھی ہیں اور کئی فضائل درج کیے ہیں۔

معارج میں امام صاحب کے وصال کے بعد مغفرت اور رحمت پانے کا سبب بھی اسی دُرود شریف کو بتایا ہے۔

ہر مصیبت میں یہ دُرود شریف کام دیتا ہے اور ہر مہم میں یقیناً کامیابی ہوتی ہے۔ اِس دُرود شریف کے وِرد سے ایک سو حاجات پُوری ہوتی ہیں۔

عارفانِ وقت نے عربستان کے ایک کامل ولی اللہ سے ان کے وصال کے بعد بذریعہ کشف دریافت کیا کہ :

"اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا مُعاملہ کیا ؟"

بزرگ نے کہا کہ :

"مَیں ہر جُمعرات کو درود خمسہ پڑھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسی وجہ سے مجھے بخش دیا۔"

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ**



Marfat.com

كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّى عَلَيْهِ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا
بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
كَمَا تَنْبَغِى الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ

ترجمہ :

اے اللہ !

حضور نبی اکرم محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اس تعداد کے مطابق درود نازل کر جتنا کہ اب تک نازل کیا گیا ہے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اپنی چاہت اور رضا کے مطابق رحمت نازل فرما جیسی کہ تُو نے نازل فرمائی ہے۔ اور حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیج جیسا کہ تُو نے ہمیں ان پر دُرود بھیجنے کا حکم دیا ہے، اور حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اس طرح دُرود بھیج جیسا کہ ان پر دُرود بھیجنے کا حق ہے۔



Marfat.com

# ۴۷ : درود العابدین

یہ درُود شریف نہایت ہی عجیب اور خواص کا وظیفہ ہے۔

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جیسے باکمال بزرگ اور صُوفی نے اس درُود شریف کی کئی خصُوصیات بیان کی ہیں جن کے پڑھنے سے عقل حیران رہ جاتی ہے۔

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وظائف میں سب سے اوّل یہ درُود شریف تھا۔ آپ ہر وقت درُود العابدین پڑھتے تھے۔ اسی وجہ سے صوفیائے کرام میں حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا درجہ بہت بلند ہے اور آپ بہت بڑے عابد تھے۔

دلائل الخیرات میں بھی اس درُود شریف کا ذکر آیا ہے کہ آپ کا سب سے بڑا وظیفہ یہی تھا۔ اس درُود شریف کے وِرد سے کئی کمالاتِ کشف کھُلتے ہیں۔ پڑھنے والے کا مرتبہ بلند تر ہو جاتا ہے۔

ہر مشکل کے وقت میں جب سفینہ بھنور میں پھنس جائے تو ہر کام کو آسان کرنے کے لیے اس درُود شریف کو باوضو پڑھنا چاہیئے۔ بڑا عجیب درُود ہے۔ ہر کام میں کامیابی نصیب ہوتی ہے، اور مرادیں حاصل ہوتی ہیں۔

درُود العابدین یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاءَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ



Marfat.com

وَارْحَمْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

مِّلْاءَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاءَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ

وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

مُحَمَّدٍ مِّلْاءَ الدُّنْيَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَةِ

ترجمہ :

اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل پر اتنی رحمت نازل فرما کہ دُنیا اور آخرت اس رحمت سے بھر جائیں۔ اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کی آل کو اتنی جزا عطا فرما کہ اس سے دُنیا اور آخرت بھر جائیں، اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کی آل پر اتنی سلامتی نازل فرما کہ اس سے دنیا اور آخرت دونوں بھر جائیں۔



Marfat.com

# ۴۸: درودِ بخشش

سیّدنا امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو ان کے وصال کے بعد آپ کے کسی نیازمند نے خواب میں دیکھا اور پُوچھا کہ:

"آپ کے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا؟"

آپ نے فرمایا کہ:

"اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ نے مجھے پانچ کلمات کے عوض بخش دیا جو کہ میں پڑھا کرتا تھا۔"

پھر فرمایا: "یاد کرلو، وہ پانچ کلمات یہ ہیں۔"

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ



Marfat.com

ترجمہ :

اے اللہ ! بھیج حضور نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درُود ساتھ اپنی رحمتِ کاملہ اور سلامتی کے بشمار اُن اشخاص کے جنھوں نے آپ پر درُود بھیجا۔ اور بھیج حضور نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درُود، رحمتِ کاملہ اور سلامتی بشمار ان لوگوں کے جنھوں نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درُود نہیں بھیجا۔ اور درُود بھیج کر نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر آپ کی شان کے مطابق جس طرح تُو نے درُود بھیجنے کا حکم دیا۔



Marfat.com

# ۴۹: درودِ عُلوم واسرار

اس درود شریف کے پڑھنے والے کی رُوحانی تربیت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود فرماتے ہیں۔

اس درود پاک کو آیت الکرسی کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت اور شفاعت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ط

ترجمہ:

اے اللہ! درود بھیج اُوپر ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آلِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر لمحہ میں اور ہر سانس میں اس بڑی تعداد کے مطابق جو صرف تیری ذاتِ باری تعالیٰ کو معلوم ہے۔



Marfat.com

## ۵۰: قولِ نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حضرت علّامہ یُوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے نقل فرمایا کہ یہ دُرُود شریف روزانہ دن رات پڑھو۔ مصیبتوں اور پریشانیوں کے وقت ایک ہزار بار پڑھو۔

یہ دُرُود شریف کُل مُشکلات کے لیے تریاقِ مجرب ہے۔

(حجۃ اللہ علی العالمین ص ۲-۴۴۲)

دُرُود شریف یہ ہے :

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ
یَا سَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
قِلَّتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ

ترجمہ :

آپ پر دُرُود و سلام : اے ہمارے آقا، اور اللہ پاک کے رسُول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم۔ میری مدد کریں کہ میرے تمام حیلے اور کوششیں ناکام ہو گئی ہیں۔



Marfat.com

# ۵۱: دُرودِ کشف

صُبح وشام اِس دُرودِ پاک کو کثرت سے پڑھنے والے، صاحبِ کشف ہو جاتے ہیں۔ ان پر پوشیدہ رازِ الٰہی کُھل جاتے ہیں۔ اور نبیِ کریم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کے وسیلے سے جنّت کے حقدار ہو جاتے ہیں۔

دُرودِ پاک :

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّ الرَّحْمَةِ شَفِيْعِ الْاُمَّةِ كَاشِفِ الْغُمَّةِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ ط

ترجمہ :

اے اللہ! دُرود نازل فرما اپنے نبیٔ کریم حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر جو کہ سراپا رحمت ہیں اپنی اُمت کے لیے اور اس کی شفاعت فرمانے والے ہیں، پوشیدہ بھیدوں کے کھولنے والے ہیں۔ ان کی آل اور صحابۂ کرام پر دُرود وسلام اور برکت نازل ہو۔



Marfat.com

# ۵۲: صدقہ کا نعم البدل درُود

حدیثِ مُبارکہ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے غُصّے کو صدقے کے سوا کوئی چیز ٹھنڈا نہیں کرسکتی۔ اگر کسی مُسلمان کے پاس صدقہ دینے کی مالی طاقت نہ ہو تو حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ حضُور نبیٔ کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ اگر وہ مُسلمان اپنی دُعائیں یہ درُودِ پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے صدقہ کا اجرعطا فرماتے ہیں، پڑھنے والے سے راضی ہوتے ہیں اور اس کی مُصیبت ٹل جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ؕ

ترجمہ:

اے اللہ! درُود نازل فرما سیّدنا حضرت محمّد مُصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم پر جو تیرے بندے اور رسُول ہیں۔ اور درُود نازل فرما سارے مومن مردوں اور مومن عورتوں پر اور مُسلمان مردوں اور مُسلمان عورتوں پر۔



Marfat.com

# ۵۳ : درُودِ نجاتِ وبا

روایت ہے کہ حضرت مولانا شمسُ الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وطن میں ایک وبا (بیماری) پھوٹ پڑی جس کے خاتمہ کے لیے کوئی علاج کارگر نہ تھا۔ ایک رات حضرت محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے حضرت صاحب کے درخواست کرنے پر اس وبا کے خاتمے کے لیے یہ درُود عنایت فرمایا۔ یہ درُود شریف پڑھنے سے ہر وبا اور بیماریوں سے نجات عطا ہو جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّشِفَآءٍ ط

ترجمہ :

اے اللہ ! درُود بھیج اوپر سردار ہمارے حضرت محمّد مُصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم اور آپ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی آل پر تمام بیماریوں اور دواؤں اور شفا کی تعداد کے برابر۔



Marfat.com

# ۵۴: دُرُودِ حصولِ رحمت

یہ دُرُود شریف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کا بھی سبب بنتا ہے۔ اس دُرُود شریف کے وِرد کا یہ انعام ہے کہ اللہ تعالیٰ پڑھنے والے بندے کو کسی ایسے نیک کام کی توفیق عطا فرما دیتا ہے کہ اس نیکی کی وجہ سے قیامت تک اس کو ثواب ملتا رہتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ وَنَبِیِّكَ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۝

ترجمہ:

اے اللہ! دائم رہنے والا دُرود اور ہمیشہ رہنے والا سلام نازل فرما اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو کہ انبیاء کے سردار ہیں، ان کی آل پر اور صحابہ کرام پر بھی۔ پس تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔



Marfat.com

# ۵۵: درُودِ لکھی

حضرت سُلطان محمُود غزنوی فاتح سومنات جو کہ عاشقِ رسُول حضرت محمّد مُصطفٰےؐ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم تھے، نہایت ہی محبت اور عشق سے روزانہ ایک لاکھ بار درُود شریف پڑھتے۔ چونکہ اتنی تعداد میں درُود شریف پڑھنے میں بہت وقت صَرف ہو جاتا اور انتظامِ سلطنت میں خلل آتا تھا، ایک رات بادشاہ کو خواب میں حضورُ پاک صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی زیارت نصیب ہُوئی اور فرمایا کہ محمُود یہ درُود شریف ہر نمازِ فجر کے بعد ایک بار پڑھ لیا کرو تو ایک لاکھ درُود شریف کے برابر ہی ثواب حاصل ہو گا۔

بعد ازاں نبیِّ آخر الزماں حضرت محمّد مُصطفٰےؐ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے سُلطان محمُود غزنوی کو خُود یہ درُود شریف یاد کروایا۔

پس بادشاہ نے اس درُود پاک کو اپنا وظیفہ بنایا اور دُوسروں کو بھی بتایا تاکہ مخلُوقِ خدا اس کی برکتوں سے فیض یاب ہو۔

درُود شریف یہ ہے :

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ رَحْمَةِ اللّٰهِ ط



Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م

بِعَدَدِ فَضْلِ اللّٰہِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م

بِعَدَدِ خَلْقِ اللّٰہِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م

بِعَدَدِ عِلْمِ اللّٰہِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م



Marfat.com

بِعَدَدِ کَلِمَاتِ اللّٰہِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ کَرَمِ اللّٰہِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ حُرُوْفِ کَلَامِ اللّٰہِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا



Marfat.com

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ مَا خُلِقَ فِی الْبِحَارِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ



Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ
وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ ط
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ط
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا



Marfat.com

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ؕ

بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ ؕ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ؕ

بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ ؕ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ؕ

بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ ؕ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ؕ

بِعَدَدِ كُلِّ شَیْءٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ



Marfat.com

صَلوٰتُ اللّٰهِ تَعَالیٰ وَمَلٰئِکَتِهٖ وَاَنْبِیَآئِهٖ

وَرُسُلِهٖ وَجَمِیْعِ الْخَلَآئِقِ عَلٰی

سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ

وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ

وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ

وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ

بِرَحْمَتِكَ یَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ وَصَلَّی

اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط وَسَلَّمَ



Marfat.com

تَسۡلِیۡمًا دَآئِمًا اَبَدًا کَثِیۡرًا ط

وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ ط

◎

## ۵۶: دُرودِ تاج

**دُرودِ تاج** بہت ہی خوب صُورت، بہت ہی پیارے اور بہت ہی جامع الفاظ میں حضور نبی اکرم رحمۃ للعالمین محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم کی تعریف و توصیف ہے۔

یہ **دُرودِ پاک** کیا ہے، رحمتوں اور برکتوں کا ایک بے کراں سمندر ہے' بے پناہ فیض و برکات کا سرچشمہ ہے۔

یہ **دُرود شریف** ایک بار ہی پڑھنے سے بندہ اس کے سحر میں کھو جاتا ہے۔ جوں جوں اس کے الفاظ زبان سے ادا ہوتے چلے جاتے ہیں، ایک کیف و سرور چھاتا چلا جاتا ہے۔

- یہ دُرودِ پاک پڑھنے والا صاحب کشف ہو جاتا ہے۔
- یہ دُرودِ پاک بعد از نمازِ فجر روزانہ سات مرتبہ پڑھنے سے پاک روزی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

∴ یہ دُرود شریف روزانہ تین مرتبہ پڑھنے سے دشمنوں ، ظالم افسروں اور حاکموں کی زیادتی سے آدمی بچ جاتا ہے۔

∴ یہ دُرود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دَم کرنے سے جادُو یا جِن وغیرہ ہو تو چھٹکارا مل جاتا ہے۔

جن صاحب کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو، اکیس (۲۱) چھوہارے لے کر، ہر چھوہارے پر سات مرتبہ **دُرود تاج** پڑھے اور ہر روز (اکیس[۲۱] روز تک) ایک چھوہارہ اپنی بیوی کو کھلائے۔ اکیس (۲۱) روز بعد غسل و طہارت کرے، اور بیوی سے ہم بستر ہو، انشاء اللہ تعالیٰ نیک اولاد ہوگی۔

اگر حمل ٹھہر کر ضائع ہو جاتا ہو یا بچہ پیدا ہوتے ہی فوت ہو جاتا ہو یا فوت شدہ ہی پیدا ہوتا ہو تو سات دن تک سات مرتبہ روزانہ **دُرود تاج** پڑھ کر پانی پر دَم کر کے بیوی کو پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مالکِ حقیقی کے فضل اور کرم سے خیر ہوگی۔

## دُرودِ تاج یہ ہے :

**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط اِسْمُهٗ**



Marfat.com

مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ
فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ط
جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ
مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسِ
الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی
نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ
الظُّلَمِ ط جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ
الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط
وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ
وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ
وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَ



Marfat.com

قَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ

مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ ط

سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ

شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ

رَحْمَۃٍ لِّلْعَالَمِیْنَ رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ

مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ

سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ

مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ ط

سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ

اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی

الدَّارَیْنِ ط صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ



Marfat.com

مَحۡبُوۡبِ رَبِّ الۡمَشۡرِقَيۡنِ وَرَبِّ

الۡمَغۡرِبَيۡنِ جَدِّ الۡحَسَنِ وَالۡحُسَيۡنِ

مَوۡلٰنَا وَمَوۡلَى الثَّقَلَيۡنِ ط اَبِى الۡقَاسِمِ

مُحَمَّدِ بۡنِ عَبۡدِ اللّٰهِ نُوۡرٍ مِّنۡ

نُوۡرِ اللّٰهِ ط يٰاَيُّهَا الۡمُشۡتَاقُوۡنَ بِنُوۡرِ

جَمَالِهٖ صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ

وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا ط

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّبَارِكۡ وَسَلِّمۡ



Marfat.com

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ

وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ط

◎



Marfat.com

Marfat.com

بَلَغَ العُلٰے بِکَمَالِہٖ

کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ

صَلُّوْ عَلَیْہِ وَآلِہٖ

8147

Marfat.com